# AMIS

## ایگریکلچر مارکیٹنگ راؤنڈ اَپ

مئی - 2007




ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس

# ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس

زرعی اجناس کی پیداوار کا معاملہ صنعتی اشیاء سے یکسر مختلف ہے۔ صنعتی اشیاء کی پیداوار کو طلب اور منڈی میں قیمت کے مطابق کم یا زیادہ کیا جاسکتا ہے۔ جبکہ تمام زرعی اجناس کی صورتحال مختلف ہے۔ ایک کاشتکار کے کسی فصل کیلئے مختص کردہ رقبہ کے فیصلہ کے ساتھ ہی آئندہ پیداوار کی قیمت کا تعین ہوجاتا ہے فصل بعداز کاشت یقینی طور پر منڈی میں آئے گی۔ ایک بڑی فصل منڈی میں آنے پر اس جنس کی مجموعی رسد طلب سے بڑھ جاتی ہے نتیجہ کے طور پر اس کی قیمت گر جاتی ہے۔ بعض اوقات تو یہ پیداواری لاگت سے بھی کم ہوجاتی ہے۔ اسطرح جب کسان کو اسکی جنس کی قیمت پیداواری لاگت سے کم ملے گی تو آئندہ سال وہ اس فصل کیلئے کم رقبہ زیرِ کاشت لائے گا۔

## درج ذیل عناصر قیمتوں میں اُتار چڑھاؤ کا باعث بنتے ہیں:۔




- پیداواری عناصر کی قیمتوں میں تغیر
- پچھلے سال کی قیمتیں
- ماحولیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے پیداوار میں فرق
- موجودہ بین الاقوامی قیمتیں
- قیمتوں کے بارے حکومتی حکمتِ عملی
- صارف کی ترجیح

ان تمام مشکلات کے تدارک کیلئے محکمہ زرعی مارکیٹنگ حکومت پنجاب نے ایک نئے ترقیاتی منصوبہ زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کے قیام کا آغاز کیا ہے۔ اس منصوبہ کے تحت کاشتکاروں اور زراعت سے منسلک تمام کاروباری حضرات کو مقامی اور بین الاقوامی منڈیوں میں زرعی اجناس کی تازہ ترین قیمتوں اور دیگر معلومات کے بارے میں صحیح اور بروقت اطلاعات فراہم کی جارہی ہیں۔ اس سلسلہ میں درج ذیل ذرائع استعمال کیے جارہے ہیں۔

## زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کی اہم خدمات

- زرعی مارکیٹنگ کی ویب سائٹ کا قیام www.punjabagmarket.info
- تحقیقاتی رپورٹیں، معلوماتی کتابچے اور ہینڈ آؤٹس
- سیمینار اور ورکشاپس
- کسانوں، تاجروں اور سٹاف کی ٹریننگ
- زرعی منڈیوں میں الیکٹرانک ریٹ بورڈ کی تنصیب
- ٹال فری فون نمبر 0800-51111
- موبی لنک کسان سروس کا آغاز (700)

زراعت سے تعلق رکھنے والے تمام حضرات سے التماس ہے کہ زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن کی مندرجہ بالا خدمات سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کریں۔

# چنے کی پیداوار اور تجارت

چنے کی فصل کا شمار قدیم فصلوں میں ہوتا ہے، ایک اندازے کے مطابق چنے کا ارتقاء 7400 سال پہلے ترکی سے ہوا تھا۔ آجکل یہ بھارت، پاکستان، میکسیکو، ترکی، مشرقِ وسطیٰ، یورپ اور برِاعظم افریقہ کے کئی حصوں میں کاشت کیا جاتا ہے۔ بطور خوراک چنا لحمیات کی فراہمی کا سستا اور مقوی ذریعہ ہے۔ گوشت میں 18.50 فیصد لحمیات جبکہ اس کے مقابلہ میں چنے میں 19.20 فیصد لحمیات پائی جاتی ہے۔ چنے کی فصل کو کھاد اور پانی کی نسبتاً کم ضرورت ہوتی ہے اس لئے پاکستان میں چنا تھل کے علاقے میں کامیابی سے کاشت کیا جاتا ہے۔

## مختلف خطہ جات میں چنے کا استعمال

| | |
|---|---|
| ایشیا | سبز چنے، چنے کی دال، چنے کا آٹا (بیسن)، چنے کا سالن، ابلے ہوئے چنے (سلاد، آلو چنے)، بھنے ہوئے چنے، چنے کے نرم پتوں کا سالن، بیسن والی روٹی وغیرہ |
| جنوبی امریکہ | ابلے ہوئے، (سلاد کیلئے) ہلکے ناشتہ کے طور پر بھنے ہوئے اور نمک والے |
| عرب ممالک اور افریقہ | چنے کی سلاد، ابلے ہوئے چنے، بیسن والی روٹی، چنے کا ساس (ایتھوپیا) بھنے ہوئے چنے، ابلے ہوئے چنے زیتون کے تیل کے ساتھ، چنے کا سوپ وغیرہ |
| یورپ | ابلے ہوئے چنے ہلکے ناشتہ کے طور پر، سبزی کے طور پر، چنے کا سوپ چنے کی مختلف سلاد وغیرہ |

انسانی خوراک کے علاوہ چنے کے سبز اور خشک پودے اور چنے کی پھک کو جانوروں کے چارہ کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ چنے میں پائے جانے والے سٹارچ کو پارچہ بافی کی صنعت میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

## غذائی اہمیت:

چنا بنیادی طور پر نشاستہ اور لحمیات کا اہم ذریعہ ہے اس کے علاوہ اس میں غذائی ریشہ، چکنائی اور بہت سے اہم معدنی اجزاء بدرجہ اتم پائے جاتے ہیں۔ اس میں پائے جانے والے معدنی اجزاء میں کیلشیم، میگنیشیم، فاسفورس، فولاد اور زنک نہایت اہم ہیں۔ اس کے علاوہ اس میں شکر کی کم مقدار ہونے کی وجہ سے ذیابیطس کے مریضوں کیلئے بہت ہی اہم غذا ہے۔

## چنے کی بنیادی طور پر دو اقسام ہیں:

دیسی اقسام کے پودے قد میں چھوٹے جبکہ بیج (چنا) گہرے رنگ کے، نوک دار اور چھوٹی جسامت کے ہوتے ہیں۔ پاکستان میں کاشت کی جانے والی دیسی اقسام میں بٹل 98، پنجاب 2000، بلکسر 2000، وِنھار 2000، سی ایم 98، پنجاب 91 اور سی 44 شامل ہیں۔

کابلی اقسام کے پودے نسبتاً قد میں بڑے ہوتے ہیں جبکہ بیج ہلکے رنگ کے، ہموار سطح اور قدرے بڑی جسامت کے ہوتے ہیں۔ پاکستان میں کاشت ہونے والی چنے کی کابلی اقسام میں سی ایم 2000 اور نور 91 شامل ہیں۔

چنا موسمِ ربیع کی اہم فصل ہے اور اسے ستمبر سے نومبر تک بویا جاتا ہے۔ مارچ اپریل میں فصل پک کر تیار ہو جاتی ہے۔ یہ بنیادی طور پر گرم، خشک اور کم بارش والے علاقوں کیلئے موزوں فصل ہے۔ کیونکہ بوائی کے فوراً بعد اور پھول نکلنے کے دنوں میں زیادہ بارش اس کیلئے کافی نقصان کا باعث ہوتی ہے اس لئے یہ فصل ان علاقوں میں بہتر کاشت کی جاسکتی ہے، جہاں بارش 24 سے 36 انچ سالانہ ہوتی ہے۔ مزید براں ایک پھلی دار فصل ہونے کی بناء پر اس کی جڑیں ہوادار زمین میں اچھی پھلتی پھولتی ہیں۔ اس لئے اچھے نکاس والی ریتلی اور ہلکی میرا زمین اس کی کاشت کیلئے نہائت مناسب ہے۔ اسی خصوصیت کی بنا پر تھل کے وہ علاقے جہاں دوسری فصلوں کی کاشت مشکل ہے وہاں چنا نہائت کامیابی سے کاشت کیا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل گوشوارہ میں چنے کی فصل کی کاشت اور منڈی میں دستیابی کو ظاہر کیا گیا ہے۔

| صوبہ | اہم پیداواری علاقے | وقت کاشت | منڈی میں دستیابی |
|---|---|---|---|
| پنجاب | بھکر، خوشاب، میانوالی، لیہ، جہلم، بہاولپور وغیرہ | ستمبر سے نومبر | اپریل سے مئی |
| سندھ | حیدر آباد، لاڑکانہ، سکھر، کراچی وغیرہ | ستمبر سے اکتوبر | مارچ سے اپریل |
| سرحد | سوات، ڈیرہ اسماعیل خان، نوشہرہ، ٹانک، لکی مروت | ستمبر سے نومبر | اپریل سے مئی |
| بلوچستان | نصیر آباد، جعفر آباد | ستمبر سے نومبر | اپریل سے مئی |

## پاکستان میں چنے کے زیرِ کاشت رقبہ اور پیداوار

پاکستان میں چنے کی کاشت تمام صوبوں میں کی جاتی ہے۔ صوبہ پنجاب چنے کا سب سے بڑا پیداواری صوبہ ہے، گزشتہ سالوں کے اعداد و شمار کے مطابق ملکی پیداوار میں صوبہ پنجاب کا حصہ 85 فیصد، صوبہ سندھ کا 7 فیصد اور صوبہ سرحد اور بلوچستان دونوں کا 4 فیصد حصہ ہے۔ صوبہ پنجاب میں ہر سال تقریباً 21 لاکھ ایکٹر سے زائد رقبہ پر چنا کاشت کیا جاتا ہے۔ اس میں 88 فیصد رقبہ بارانی، 1 فیصد چاول والا علاقہ اور 1 فیصد نہری علاقہ میں کاشت کیا جاتا ہے۔

### چنے کے زیرِ کاشت رقبہ (ہزار ایکٹر)

| سال | پنجاب | سندھ | سرحد | بلوچستان | پاکستان |
|---|---|---|---|---|---|
| 2001-02 | 2016.00 | 95.00 | 158.00 | 39.00 | **2308.00** |
| 2002-03 | 2125.00 | 94.00 | 120.00 | 41.00 | **2380.00** |
| 2003-04 | 2110.00 | 152.00 | 129.00 | 35.00 | **2426.00** |
| 2004-05 | 2362.00 | 126.00 | 129.00 | 85.00 | **2702.00** |
| 2005-06 | 2224.00 | 127.00 | 102.00 | 90.00 | **2543.00** |

ذرائع: وفاقی ادارہ شماریات حکومت پاکستان اسلام آباد

چنے کی پیداوار (ہزار ٹن)

| سال | پنجاب | سندھ | سرحد | بلوچستان | پاکستان |
|---|---|---|---|---|---|
| 2001-02 | 304.20 | 30.70 | 14.60 | 12.60 | **362.10** |
| 2002-03 | 611.50 | 32.50 | 17.40 | 13.80 | **675.20** |
| 2003-04 | 524.00 | 55.80 | 19.70 | 11.60 | **611.10** |
| 2004-05 | 760.60 | 45.00 | 34.30 | 28.30 | **868.20** |
| 2005-06 | 382.50 | 45.80 | 21.10 | 30.10 | **479.50** |

ذرائع: وفاقی ادارہ شماریات حکومت پاکستان اسلام آباد

## چنے کی فی ایکڑ پیداوار

مندرجہ بالا گوشواروں میں دیئے گئے گزشتہ پانچ سالوں کے اعداد و شمار کے مطابق چنے کے رقبہ اور پیداوار میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے لیکن فی ایکڑ پیداوار عالمی سطح کے لحاظ سے تسلی بخش نہیں ہے۔ فی ایکڑ پیداوار میں کمی کی بنیادی وجوہات میں ترقی دادہ اقسام کا کاشت نہ کرنا، جڑی بوٹیوں کا عدم تدارک اور بروقت کاشت کا نہ ہونا شامل ہیں۔ درج ذیل گوشوارہ چنے کی فی ایکڑ پیداوار کو ظاہر کرتا ہے۔

پاکستان میں چنے کی فی ایکٹر پیداوار (کلوگرام فی ایکٹر)

| سال | پنجاب | سندھ | سرحد | بلوچستان | پاکستان |
|---|---|---|---|---|---|
| 2001-02 | 150.86 | 322.69 | 92.32 | 331.10 | **156.90** |
| 2002-03 | 287.74 | 347.02 | 145.48 | 334.40 | **283.74** |
| 2003-04 | 248.30 | 365.98 | 152.72 | 335.30 | **251.86** |
| 2004-05 | 321.96 | 357.77 | 264.89 | 334.87 | **321.30** |
| 2005-06 | 171.97 | 360.59 | 207.75 | 335.56 | **188.59** |


ذرائع: وفاقی ادارہ شماریات حکومتِ پاکستان اسلام آباد

## چنے کی مارکیٹنگ

زرعی اجناس کی پیداوار میں ایک خاص عنصر پایا جاتا ہے۔ فصل کی برداشت کے فوراً بعد منڈی میں اس کی رسد میں اضافہ ہونے سے اسکی قیمت فوری طور پر کم ہو جاتی ہے۔ چنے کی گزشتہ سالوں کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کو مدِ نظر رکھیں تو یہی بات سامنے آتی ہے۔ چنے کی نئی فصل کے آنے کے ساتھ ہی اسکی کی قیمت مارچ کے مہینہ میں کم ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

# گندم

کسی بھی فصل کے زیر کاشت رقبہ اور پیداوار میں مثبت تبدیلی کیلئے منڈی میں اسکے پیداواری یونٹس اور فصل کی قیمت بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اِمسال حکومت نے گندم کی پیداوار بڑھانے کیلئے دونوں عوامل کا نہایت بہتر استعمال کیا۔ اول گندم کی امدادی قیمت کو 415 روپے سے بڑھا کر 425 روپے فی من کیا گیا۔ دوم فاسفورس اور پوٹاش والی کھادوں پر 250 روپے فی بوری تک سبسڈی دی۔ فاسفورس کی کھاد گندم میں زائد اور صحت مند دانہ پیدا کرنے میں نہایت اہم ہے۔ مزید برآں بارشوں کی وجہ سے اِمسال گندم کی کاشت بروقت مکمل ہوگئی تھی۔ یہی وجہ ہے کہ گندم کی کل پیداوار گزشتہ سال کے مقابلہ میں 10.5 زیادہ حاصل ہوئی۔ گندم کی فصل پنجاب کی منڈیوں میں اپریل میں آنا شروع ہو جاتی ہے۔ جس کے باعث منڈی میں طلب کی نسبت رسد زیادہ ہونے سے قیمتیں کم ہو جاتی ہیں۔ درج ذیل گراف میں اِمسال اور گذشتہ سال میں گندم کی قیمتوں کا موازنہ دکھایا گیا ہے۔





پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مئی کے مہینہ میں گندم کی اوسط قیمت 1080 روپے فی کوئنٹل رہی۔ جو کہ گذشتہ ماہ کی 1119 وپے فی کوئنٹل قیمت سے 3.43 فیصد کم ہے۔ جبکہ گذشتہ سال ماہ مئی کی قیمتوں کی نسبت 5 فیصد اضافہ دیکھنے میں آیا۔ جس کی بنیادی وجہ گزشتہ سال سے گندم کی امدادی قیمت میں اضافہ ہے۔ جو 415 روپے سے بڑھا کر 425 روپے کردی گئی ہے۔ درج ذیل گوشوارے میں گندم کی موجودہ گذشتہ ماہ، اور گذشتہ سال مئی کی قیمتیں دی گئی ہیں۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی(2007) کی قیمتیں | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی(2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی(%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 1120 | 1135 | 1045 | -1.32 | 7.18 |
| فیصل آباد | 1071 | 1141 | 1037 | -6.13 | 3.28 |
| سرگودھا | 1083 | 1129 | 1028 | -4.07 | 5.35 |
| ملتان | 1056 | 1111 | 1032 | -4.95 | 2.33 |
| گوجرانوالہ | 1095 | 1125 | 1050 | -2.67 | 4.29 |
| اوکاڑہ | 1064 | 1102 | 1010 | -3.45 | 5.35 |
| راولپنڈی | 1098 | 1185 | 1052 | -7.34 | 4.37 |
| رحیم یار خان | 1056 | 1022 | 1005 | 3.33 | 5.07 |
| اوسط | 1080 | 1119 | 1032 | -3.43 | 4.65 |

## مکئی

خوردنی اجناس میں گندم اور چاول کے بعد مکئی پاکستان کی سب سے اہم فصل ہے اور تقریباً ہر علاقہ میں کاشت کی جاتی ہے۔ اسکی فی ایکٹر پیداوار باقی فصلوں کی نسبت زیادہ ہوتی ہے اور کم دورانیہ (چار۔ساڑھے چار ماہ) کی فصل ہونے کی بناء پر اِسے باآسانی دوسری فصلوں کے ہیر پھیر میں اور زائد فصل کے طور پر کاشت کیا جاسکتا ہے۔ صوبہ سرحد اور پنجاب مجموعی طور پر ملک میں مکئی کی پیداوار کا 99 فیصد پیدا کرتے ہیں۔ جبکہ صوبہ پنجاب کا حصہ 74 فیصد ہے۔ گذشتہ سالوں کے اعداد و شمار کے مطابق پنجاب کے حصے میں بتدریج اضافہ ہورہا ہے۔ جس کی بنیادی وجہ صوبہ پنجاب میں ترقی دادہ ہائبرڈ اقسام کی کاشت کے باعث اس کی فی ایکٹر پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہے۔ درج ذیل گراف میں امسال اور گذشتہ سال کی قیمتوں کے مابین فرق دکھایا گیا ہے۔





اپریل کی مکئی کی قیمت 1217 روپے تھی جو مئی میں بڑھ کر 1228 روپے فی کوئنٹل ہوگئی یہ گذشتہ ماہ کے مقابلہ میں 0.84 فیصد زیادہ ہے۔ گذشتہ سال برڈ فلو کی وجہ سے مرغبانی کی صنعت بحران کا شکار تھی اور مکئی کی طلب میں کمی رہی اس سال طلب میں اضافہ ہونے کی وجہ سے قیمت میں اضافہ رہا اور گذشتہ سال کے مقابلہ میں قیمت میں اضافہ 47.53 فیصد ہے۔ ماہ جون میں بہاریہ فصل کی آمد تک مکئی کی قیمتوں میں اضافہ کا رجحان برقرار رہے گا۔ درج ذیل گوشوارے میں پنجاب کی بڑی منڈیوں میں قیمتوں کا گذشتہ سال کے مئی کی قیمتوں سے موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 1271 | 1277 | 875 | -0.47 | 45.26 |
| فیصل آباد | 1264 | 1247 | 726 | 1.36 | 74.10 |
| سرگودھا | 1255 | 1266 | 821 | -0.87 | 5286 |
| ملتان | 1230 | 1245 | 827 | -1.20 | 48.73 |
| گوجرانوالہ | 1196 | 1133 | 1020 | 5.56 | 17.25 |
| اوکاڑہ | 1210 | 1158 | 732 | 4.49 | 65.30 |
| راولپنڈی | 1170 | 1195 | 824 | -2.09 | 41.99 |
| رحیم یار خان | 1225 | 1218 | 832 | 0.57 | 47.24 |
| اوسط | 1228 | 1217 | 832 | 0.84 | 47.53 |

# چاول سپر باسمتی

کرہ ارض پر جو زرعی اجناس بطور بنیادی خوراک استعمال ہوتی ہیں ان میں چاول سب سے زیادہ اہم ہے۔ پاکستان میں باسمتی چاول کی ملکی پیداوار کا بڑا حصہ صوبہ پنجاب سے حاصل ہوتا ہے اور یہ اپنی مخصوص خوشبو، اور منفرد ذائقہ کی بناء پر بین الاقوامی منڈی میں ایک خاص پہچان رکھتا ہے یہی وجہ ہے کہ اس کی کل پیداوار کا تقریباً نصف حصہ عالمی منڈی میں برآمد کر دیا جاتا ہے تاکہ ملک کیلئے قیمتی زرمبادلہ حاصل کیا جاسکے۔ درج ذیل گراف میں رواں اور گذشتہ سال کے دوران باسمتی چاول کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے





پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مئی کے مہینہ میں گذشتہ ماہ کی نسبت سپر باسمتی کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا جبکہ اپریل کے مہینے میں اوسط قیمت 3773 روپے تھی جو مئی میں 4117 روپے فی کوئنٹل ہوگئی۔ گذشتہ سال مئی کی قیمتوں سے یہ تقریباً 44.52 فیصد زیادہ ہیں۔ کیونکہ اس سال باسمتی چاول کی پیداوار گذشتہ سال کے مقابلہ میں کم ہے اور کافی مقدار برآمد ہونے کے باعث مقامی منڈی میں باسمتی چاول کی رسد کم رہی۔ طلب کے مقابلہ میں رسد کم ہونے کے باعث قیمتیں بڑھ گئیں۔ درج ذیل گوشوارہ میں سپر باسمتی کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 4133 | 3763 | 2900 | 9.83 | 42.52 |
| فیصل آباد | 4138 | 3865 | 2715 | 7.06 | 52.41 |
| سرگودھا | 3719 | 3396 | 2437 | 9.51 | 52.61 |
| ملتان | 4200 | 3458 | 2814 | 21.46 | 49.25 |
| گوجرانوالہ | 3992 | 3762 | 2792 | 6.11 | 42.98 |
| اوکاڑہ | 4292 | 3925 | 2907 | 9.35 | 47.64 |
| راولپنڈی | 4242 | 4200 | 2925 | 1.00 | 45.03 |
| رحیم یار خان | 4220 | 3816 | 3300 | 10.59 | 27.88 |
| اوسط | 4117 | 3773 | 2849 | 9.11 | 44.52 |

# چاول اری

چاول اری ملکی برآمدات میں اہم شمار ہوتا ہے اور اسکی سالانہ اوسط پیداوار تقریباً 1.9 ملین ٹن ہے۔ پاکستان میں اری چاول زیادہ تر صوبہ سندھ میں کاشت کیا جاتا ہے۔ جب کہ صوبہ پنجاب اور بلوچستان بالترتیب پیداواری لحاظ سے دوسرے اور تیسرے درجہ پر ہیں۔ اِمسال اس کی مجموعی پیداوار گذشتہ سال کی نسبت تقریباً 90,000 ٹن کمی رہی اور مزید برآں بڑی مقدار میں اری چاول برآمد کیا گیا۔ ان دونوں عوامل کے پیش نظر مقامی منڈیوں میں اری کی رسد کم ہونے کے باعث قیمتیں گذشتہ سال کے مقابلہ میں زیادہ ہیں۔ درج ذیل گراف میں چاول اری کی اس سال اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ ظاہر کیا گیا ہے۔





اس ماہ صوبہ پنجاب کی تمام بڑی منڈیوں میں اری چاول کی قیمت میں معمولی اوسط اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اوسط قیمت 1516 روپے فی کوئنٹل سے بڑھ کر 1524 روپے فی کوئنٹل ہوگئی۔ اور شرح اضافہ صرف 0.52 فیصد رہا۔ درج ذیل گوشوارہ میں چاول اری کی مئی کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال مئی کی قیمتوں سے موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 1595 | 1520 | 1315 | 4.93 | 21.49 |
| فیصل آباد | 1523 | 1517 | 1252 | 0.40 | 21.65 |
| سرگودھا | 1530 | 1525 | 1335 | 0.33 | 14.61 |
| ملتان | 1300 | 1399 | 1332 | -7.08 | -2.40 |
| گوجرانوالہ | 1625 | 1630 | 1335 | -0.31 | 21.72 |
| اوکاڑہ | 1558 | 1485 | 1280 | 4.92 | 21.72 |
| راولپنڈی | 1758 | 1700 | 1350 | 3.41 | 30.22 |
| رحیم یارخان | 1300 | 1350 | 1238 | -3.70 | 5.01 |
| اوسط | 1524 | 1516 | 1305 | 0.52 | 16.79 |

## چینی سفید

گندم، کپاس اور چاول کے بعد کماد رقبہ کے لحاظ سے پاکستان کی بڑی فصل ہے اور بنیادی طور پر شکر حاصل کرنے کیلئے کاشت کی جاتی ہے۔اِس وقت ملک میں چلتے ہوئے 75 شکر سازی کے کارخانوں کی پیداوار کا دارومدار ملک میں کاشت ہونے والے کماد پر ہے۔اور یہ کارخانے 5 ملین ٹن چینی سالانہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ پاکستان کماد کی پیداوار کے لحاظ سے دنیا بھر میں پانچویں نمبر پر ہے۔لیکن اسکی اوسط فی ایکڑ پیداوار (494 من)، عالمی اوسط فی ہیکٹر پیداوار (600 من) سے کافی کم ہے۔اسکے علاوہ دوسرے ممالک کی نسبت پاکستان میں کماد کے فی ایکٹر پیداواری اخراجات بھی زیادہ ہیں۔انہی وجوہات کی بناء پر اس کے زیرِ کاشت رقبہ میں کوئی خاطر خواہ اضافہ نہیں ہو رہا۔ درج ذیل گراف میں سفید چینی کی اس سال اور گذشتہ سال کی قیمتیں ظاہر کی گئی ہیں۔





مئی کے دوران صوبہ پنجاب کی تمام بڑی منڈیوں میں چینی کی قیمت میں معمولی کمی ہوئی جبکہ شرح کمی صرف 1.64 فیصد رہی۔مئی میں چینی کی قیمت 2807 روپے فی کوئنٹل رہی جو گذشتہ ماہ 2854 روپے فی کوئنٹل تھی۔درج ذیل گوشوارے میں چینی کی مئی کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال مئی کی قیمتوں سے موازنہ کو ظاہر کیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی(2007) کی قیمتیں | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی(2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی(%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی(2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 2863 | 2868 | 3781 | -0.17 | -24.28 |
| فیصل آباد | 2770 | 2842 | 3690 | -2.53 | -24.93 |
| سرگودھا | 2792 | 2850 | 3764 | -2.04 | -25.82 |
| ملتان | 2783 | 2800 | 3691 | -0.61 | -24.60 |
| گوجرانوالہ | 2803 | 2878 | 3746 | --2.61 | -25.17 |
| اوکاڑہ | 2794 | 2843 | 3719 | -1.72 | -24.87 |
| راولپنڈی | 2866 | 2915 | 3829 | -1.68 | -25.15 |
| رحیم یار خان | 2783 | 2833 | 3708 | -1.76 | -24.95 |
| اوسط | 2807 | 2854 | 3741 | -1.64 | -24.97 |

# چناسیاہ

ہمارے ملک میں سالانہ تقریباً 5 سے 6 لاکھ ٹن چنا استعمال ہوتا ہے اور یہ خوراک میں زیادہ تر سبز چنے، خشک چنے، دال اور بیسن کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ اسی لئے پاکستان میں کاشت ہونے والی تمام دالوں میں بلحاظ رقبہ اور پیداوار چنا سرفہرست ہے اور اس کی 80 فیصد سے زائد پیداوار صوبہ پنجاب سے حاصل ہوتی ہے۔ صوبہ پنجاب میں بھکر، خوشاب اور لیہ چنے کے بڑے پیداواری اضلاع ہیں اور مجموعی طور پر پنجاب کی کل پیداوار میں ان کا حصہ تقریباً 83 فیصد ہے۔ درج ذیل گراف میں چناہ سیاہ کی حالیہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔





چنا موسم ربیع کی فصل ہے اور نئی فصل کے منڈی میں آتے ہی رسد، طلب کے مقابلہ میں بڑھ جاتی ہے۔ جو قیمت میں کمی کا سبب ہوتی ہے۔ اس سال بھی چنے کی اچھی پیداوار ہونے کے باعث پنجاب کی تمام بڑی منڈیوں میں چنے کی قیمت میں گذشتہ ماہ کی نسبت نمایاں کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ کاشتکاروں کو انکی پیداوار کا بہتر معاوضہ دلانے کیلئے حکومت نے چنے کی امدادی قیمت 850 روپے فی من مقرر کی ہے۔ اس کے ساتھ پاسکو کو 2 لاکھ ٹن چنا خریدنے کا ہدف دیا گیا ہے۔ گذشتہ ماہ چنے کی اوسط قیمت 2693 روپے تھی جو اس ماہ مئی میں مزید کم ہوکر 2653 روپے فی کوئنٹل ہوگئی۔ جبکہ شرح کمی 1.47 فیصد رہی۔ درج ذیل گوشوارہ میں چنا سیاہ کی مئی کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ مئی کی قیمتوں سے موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 2683 | 2763 | 3155 | -2.90 | -14.96 |
| فیصل آباد | 2379 | 2439 | 3068 | -2.46 | -22.46 |
| سرگودھا | 2379 | 2284 | 2843 | 4.16 | -16.32 |
| ملتان | 2633 | 2442 | 3089 | 7.82 | -14.76 |
| گوجرانوالہ | 2769 | 2831 | 3334 | -2.19 | -16.95 |
| اوکاڑہ | 2883 | 2985 | 3239 | -2.54 | -10.99 |
| راولپنڈی | 2633 | 2825 | 3310 | -6.80 | -20.45 |
| رحیم یارخان | 2867 | 3000 | 3113 | -4.43 | -7.90 |
| اوسط | 2653 | 2693 | 3144 | -1.47 | -15.61 |

# ماش

ماش لحمیات کا اہم ماخذ ہے اور پاکستانی عوام میں کافی پسندیدہ ہے لیکن اس کے باوجود یہ فصل محدود رقبہ پر کاشت کی جاتی ہے اور اس کے زیرِ کاشت رقبہ میں اضافہ نہیں ہو رہا اس کی پیداوار کو بڑھانے کے لئے ضروری عوامل میں اس کی مخصوص زمینی اور موسمی ضروریات، ترقی دادہ اقسام اور نئی پیداواری ٹیکنالوجی نہایت اہم ہے۔ جن کو نہ اپنانے سے فی ایکڑ پیداوار کمی واقع ہو رہی ہے۔ پاکستان میں صوبہ پنجاب ماش کا بڑا پیداواری صوبہ ہے اور ماش کے زیرکاشت کل رقبہ کا تقریباً 80 فیصد سے زائد رقبہ پنجاب میں کاشت ہوتا ہے۔ درج ذیل گراف میں ماش کی حالیہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔





صوبہ پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مئی کے مہینہ میں ماش کی اوسط قیمت گزشتہ ماہ کی قیمت 5091 روپے سے بڑھ کر 5130 روپے فی کوئنٹل ہوگئی اور شرح اضافہ 0.77 فیصد ہے۔ یہ خریف کی فصل ہے لہذا نومبر کے مہینے میں نئی فصل کے آنے تک قیمتوں میں اضافہ برقرار رہنے کا امکان ہے۔ درج ذیل گوشوارہ میں ماش کی مئی، گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال مئی کی قیمتوں کا موازنہ دکھایا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 5504 | 5550 | 6065 | -0.83 | -9.25 |
| فیصل آباد | 4510 | 4529 | 5280 | -0.42 | -14.58 |
| سرگودھا | 4920 | 4887 | 5140 | 0.68 | -4.28 |
| ملتان | 5004 | 5013 | 5142 | -0.18 | -2.68 |
| گوجرانوالہ | 5550 | 5589 | 5832 | -0.52 | -4.84 |
| اوکاڑہ | 5065 | 4937 | 5838 | 2.59 | -13.24 |
| راولپنڈی | 5304 | 5217 | 5727 | 1.67 | -7.39 |
| رحیم یار خان | 5181 | 5014 | 4760 | 3.33 | -8.84 |
| اوسط | 5130 | 5091 | 5473 | 0.77 | -6.27 |

## مسور

موسم ربیع میں کاشت ہونے والی دالوں میں مسور کا نمبر چنے کے بعد آتا ہے۔ بارانی علاقوں میں اسے اکتوبر کے دوران بویا جاتا ہے جبکہ نہری اور زیادہ زرخیز علاقوں میں اسکی بوائی نومبر تک ہوتی ہے۔ صوبہ پنجاب میں اس کے بڑے پیدواری اضلاع راولپنڈی، چکوال اور نارووال ہیں۔ مقامی پیداوار منڈی کی طلب کو پورا کرنے کے لئے ناکافی رہتی ہے۔ اس لئے طلب ورسد کے مابین توازن برقرار رکھنے کے لئے اسکو زیادہ تر درآمد کیا جاتا ہے۔۔درج ذیل گراف میں مسور کی حالیہ اورگذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔





مئی میں مسور کی اوسط قیمت 5.4 فیصد شرح اضافہ کے ساتھ گزشتہ ماہ سے زیادہ رہی۔ گذشتہ ماہ اوسط قیمت 3367 روپے تھی جو مئی میں بڑھ کر 3549 روپے فی کوئنٹل ہو گئی۔ مسور کی نئی فصل جون جولائی میں منڈی میں آنے والی ہے جس کی آمد کے ساتھ قیمت میں نمایاں کمی ہونے کی توقع ہے۔ درج ذیل گوشوارہ میں پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مسور کی مئی کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں سے موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی(2007) کی قیمتیں | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی(2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی( 2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 3583 | 3417 | 3232 | 4.86 | 10.86 |
| فیصل آباد | 3643 | 3184 | 3655 | 14.42 | -0.33 |
| سرگودھا | 3125 | 3165 | 3397 | -1.26 | -8.01 |
| ملتان | 3600 | 3429 | 3175 | 4.99 | 13.39 |
| گوجرانوالہ | 3427 | 3252 | 3387 | 5.38 | 1.18 |
| اوکاڑہ | 3616 | 3500 | 3568 | 3.31 | 1.35 |
| راولپنڈی | 3800 | 3592 | 3523 | 5.79 | 7.86 |
| رحیم یار خان | 3600 | 3400 | 3413 | 5.88 | 5.48 |
| اوسط | 3549 | 3367 | 3419 | 5.40 | 3.82 |

## مونگ

ملک میں بڑھتی ہوئی آبادی کے پیش نظر ان کی غذائی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے دالوں کی پیداوار میں اضافہ نہایت ضروری ہے۔موسمی، زمینی حالات اور پانی کی دستیابی کے حوالے سے یہ اضافہ فی ایکٹر پیداوار میں مثبت تبدیلی سے ہی ہوسکتا ہے ۔مونگ دالوں میں رقبہ اور پیداوار کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے اس کی پیداوار کا بڑا حصہ(90فیصد)صوبہ پنجاب سے حاصل ہوتا ہے۔صوبہ پنجاب میں بھکر،میانوالی اور لیہ بالترتیب مونگ پیدا کرنے والے بڑے اضلاع ہیں۔درج ذیل گراف میں مونگ کی حالیہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔





مئی میں پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مونگ کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔گذشتہ ماہ اوسط قیمت 3904 روپے فی کوئنٹل تھی جو اس ماہ بڑھ کر 4140 روپے فی کوئنٹل ہوگئی۔ اس طرح شرح اضافہ 6.04 فیصد رہا۔درج ذیل گوشوارہ میں قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی(2007) کی قیمتیں | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی(2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی(%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 4650 | 4392 | 5010 | 5.87 | -7.19 |
| فیصل آباد | 3992 | 3671 | 4405 | 8.74 | -9.38 |
| سرگودھا | 3948 | 3594 | 4501 | 9.85 | -12.29 |
| ملتان | 4264 | 3814 | 4447 | 11.80 | -4.12 |
| گوجرانوالہ | 4255 | 4129 | 5145 | 3.05 | -17.30 |
| اوکاڑہ | 3517 | 3521 | 4550 | -0.11 | -22.70 |
| راولپنڈی | 4358 | 4200 | 4750 | 3.76 | -8.25 |
| رحیم یار خان | 4136 | 3912 | 4313 | 5.73 | -4.10 |
| اوسط | 4140 | 3904 | 4640 | 6.04 | -10.78 |

# پیاز

پاکستان میں پیاز کوتقریباً ہر علاقے میں کاشت کیا جاتا ہے اور مختلف علاقوں کے مابین اسکی کاشت کے موسم میں بہت تغیر پایا جاتا ہے۔اس کی زیادہ تر پیداوار صوبہ سندھ اور بلوچستان سے حاصل ہوتی ہے۔ پیاز کی کل پیداوار میں صوبہ پنجاب کا حصہ صرف 15 فیصد ہے جبکہ اسکی کھپت میں اس کا حصہ 50 سے 60 فیصد تک ہے۔ صوبہ پنجاب میں پیاز کی کاشت ربیع میں کی جاتی ہے اور مئی سے جولائی تک پنجاب کی مقامی رسد ہی منڈی میں اس کی طلب کو پورا کرنے کیلئے دستیاب رہتی ہے۔مقامی فصل کے آنے سے رسد، طلب کے مقابلے میں بڑھ جاتی ہے اور قیمتیں کافی حد تک کم ہوجاتی ہیں۔اس وقت منڈی میں پیاز پنجاب کے مختلف علاقوں سے آ رہا ہے جن میں کہروڑ پکا، روجھان، بہاولپور سرفہرست ہیں۔درج ذیل گراف میں پیاز کی حالیہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔





مئی میں پیاز کی قیمتیں اپریل کے مقابلہ میں مزید کم ہوگئیں ہیں۔اپریل کے دوران اوسط قیمت 870 روپے فی کوئنٹل تھی جو مئی میں کم ہوکر 807 روپے فی کوئنٹل ہوگئی۔اس طرح شرح کمی 7.24 فیصد رہی۔درج ذیل گوشوارہ میں قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 883 | 1017 | 710 | -13.18 | 24.37 |
| فیصل آباد | 746 | 738 | 525 | 1.08 | 42.10 |
| سرگودھا | 854 | 942 | 705 | -9.34 | 21.13 |
| ملتان | 795 | 662 | 454 | 20.09 | 75.11 |
| گوجرانوالہ | 749 | 858 | 580 | -7.69 | 36.55 |
| اوکاڑہ | 600 | 875 | 706 | -13.43 | -15.01 |
| راولپنڈی | 990 | 1044 | 829 | -4.98 | 19.66 |
| رحیم یارخان | 795 | 825 | 635 | -3.64 | 25.20 |
| اوسط | 807 | 870 | 644 | -7.24 | 25.52 |

# آلو

آلو نشاستے کا ایک اہم ماخذ ہے اس کے علاوہ اس میں معدنی نمکیات اور حیاتین کی بھی کافی اچھی مقدار پائی جاتی ہے۔ پاکستان میں اس کی زیادہ پیداوار صوبہ پنجاب سے حاصل ہوتی ہے جو کہ کل پیداوار کی تقریباً 86 فیصد ہے نومبر سے جون تک صوبہ پنجاب کی فصل منڈی میں دستیاب ہوتی ہے۔ گذشتہ سال (06-2005) میں ڈھائی لاکھ ایکٹر سے زائد رقبہ پر آلو کاشت کیا گیا لیکن مختلف وجوہ کی بناء پر پیداوار بہت کم رہی اور منڈی میں آلو کی قیمتیں زیادہ رہیں۔ کاشتکار کو جب بھی کسی فصل کی قیمت زیادہ ملتی ہے تو آئندہ وہ اس کے زیر کاشت رقبہ کو بڑھا دیتا ہے اسی رجحان کے باعث اس سال آلو کے زیر کاشت رقبہ میں اضافہ ہوا اور آلو کی ایک بھرپور فصل حاصل ہوئی اور اس فصل کے آتے ہی منڈی میں آلو کی قیمتیں کم ہوگئیں جو گذشتہ سال کے مقابلے میں کم ہیں درج ذیل گراف اسی رجحان کی عکاسی کرتا ہے۔





پنجاب کی آلو کی نئی فصل اختتام پذیر ہے جس کے باعث مئی میں پنجاب کی بڑی منڈیوں میں آلو کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ گذشتہ ماہ قیمت 628 روپے فی کوئنٹل تھی جو بڑھ کر 792 روپے فی کوئنٹل ہوگئی اور قیمت میں اوسط شرح اضافہ 26.04 فیصد رہا۔ درج ذیل گوشوارہ میں آلو کی مئی کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ مئی کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 817 | 675 | 1660 | 21.04 | -50.78 |
| فیصل آباد | 600 | 550 | 1475 | 9.09 | -59.32 |
| سرگودھا | 875 | 642 | 1500 | 36.29 | -41.67 |
| ملتان | 900 | 525 | 1500 | 71.43 | -40.00 |
| گوجرانوالہ | 783 | 600 | 1388 | 30.50 | -43.59 |
| اوکاڑہ | 575 | 542 | 1450 | 6.09 | -60.40 |
| راولپنڈی | 900 | 697 | 1525 | 29.12 | -40.98 |
| رحیم یار خان | 885 | 795 | 1583 | 11.32 | -44-09 |
| اوسط | 792 | 628 | 1510 | 26.04 | -47.57 |

## ٹماٹر

یہ سالن اور سلاد دونوں میں استعمال ہوتا ہے اسلئے اس کا استعمال سارا سال ہوتا ہے۔ٹماٹر میں پانی کی کافی زیادہ مقدار پائی جاتی ہے۔اس لئے اس کو عام درجہ حرارت پر دیر تک محفوظ رکھنا کافی مشکل ہوتا ہے۔زیادہ دیر تک محفوظ رکھنے کیلئے کیمیائی طریقہ کار اختیار کیے جاتے ہیں اور اس کو زیادہ تر ٹماٹر پیسٹ اور کیچپ کی شکل میں محفوظ کیا جاتا ہے۔اس سال فروری، مارچ میں بارشوں کے باعث ٹماٹر کی نرسری تباہ ہوگئی تھی جس کی وجہ سے پنجاب میں ٹماٹر کے زیر کاشت رقبہ میں خاطر خواہ کمی ہوئی اس کے علاوہ ٹماٹر کی فصل پر کیڑوں کے حملے باعث اسکی پیداوار مزید متاثر ہوئی۔اس وقت منڈی میں پنجاب کی فصل آ رہی ہے۔لیکن وہ مقامی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے ناکافی ہے۔ رسد کم ہونے کی وجہ سے ٹماٹر کے قیمتیں پچھلے سال کی نسبت کافی زیادہ رہیں۔اس کی کمی کو پورا کرنے کیلئے انڈیا سے بھی ٹماٹر درآمد کیا جارہا ہے۔ درج ذیل گراف میں ٹماٹر کی حالیہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔





مئی میں ٹماٹر کی اوسط قیمت 2141 روپے فی کوئنٹل رہی جو گذشتہ ماہ 1482 روپے فی کوئنٹل تھی اور شرح اضافہ 44.43 فیصد رہی۔ٹماٹر کا پودا کافی نازک ہونے کی بناء پر زیادہ گرمی اور زیادہ سردی دونوں نہیں برداشت کرسکتا۔گرمی بڑھنے کے ساتھ ساتھ ٹماٹر کی پیداوار متاثر ہوگی اور آئندہ قیمتوں میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے اور یہ توقع کی جاسکتی ہے کہ وسط جون کے بعد صوبہ سندھ کی فصل آنے پر اس کی قیمتیں معمول پر آجائیں گی۔درج ذیل گوشوارہ میں ٹماٹر کی مئی کی قیمتوں کا گذشتہ ماہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی(2007) کی قیمتیں | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی(2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل(2007) کی قیمتیں | مئی(2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 2333 | 1433 | 660 | 62.81 | 252.84 |
| فیصل آباد | 2183 | 1783 | 720 | 22.43 | 203.19 |
| سرگودھا | 2250 | 1742 | 790 | 29.16 | 184.81 |
| ملتان | 1927 | 1292 | 630 | 49.15 | 205.87 |
| گوجرانوالہ | 2200 | 1567 | 660 | 40.40 | 2.33.33 |
| اوکاڑہ | 1600 | 1367 | 1021 | 17.04 | 56.71 |
| راولپنڈی | 2708 | 1555 | 1021 | 74.15 | 65.23 |
| رحیم یار خان | 1927 | 1120 | 808 | 72.05 | 138.49 |
| اوسط | 2141 | 1482 | 789 | 44.43 | 171.44 |

# سرخ مرچ

برصغیر میں سالن میں استعمال ہونے والے مصالحہ جات میں سُرخ مرچ ایک لازم جزو ہے۔ ملک میں مرچ کی کل رسد کا 85 فیصد صوبہ سندھ سے حاصل ہوتا ہے۔ صوبہ سندھ میں مرچ کی دو فصلیں خریف اور ربیع کے دوران کاشت کی جاتی ہیں۔ صوبہ سندھ کی فصل کسی بھی وجہ سے متاثر ہونے سے اسکی منڈی میں رسد کم ہو جاتی ہے اور منڈی میں اسکی قیمتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ صوبہ سندھ کی خریف فصل کی پیداوار مختلف عوامل کی بناء پر کافی متاثر ہوئی تھی۔ اِس لئے امسال مرچ کی قیمتیں گذشتہ سال کی نسبت زیادہ ہیں۔ درج ذیل گراف میں امسال اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔




پنجاب کی بڑی منڈیوں میں مئی کے دوران اوسط قیمت 10768 روپے فی کوئنٹل رہی جبکہ گذشتہ ماہ 8983 روپے تھی۔ قیمت میں اوسط شرح اضافہ 19.87 فیصد رہی اس سال قیمتوں کے ردعمل کے طور پر سندھ کے کاشتکاروں نے مرچ کے زیر کاشت رقبہ میں کافی اضافہ کر دیا ہے۔ اگست ستمبر میں اس فصل کے پنجاب کی منڈیوں میں آنے پر مرچ کی قیمتیں بہتر ہو جائیں گی۔ درج ذیل گراف میں سرخ مرچ کی حالیہ اور گذشتہ سال کی قیمتوں کا موازنہ دیا گیا ہے۔

روپے فی کوئنٹل

| منڈی | مئی (2007) کی قیمتیں | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں | اوسط تبدیلی (%) | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | اپریل (2007) کی قیمتیں | مئی (2006) کی قیمتیں |
| لاہور | 10175 | 9804 | 4025 | 3.78 | 152.80 |
| فیصل آباد | 9488 | 7255 | 3987 | 30.78 | 137.97 |
| سرگودھا | 11688 | 10354 | 2860 | 12.88 | 308.67 |
| ملتان | 13500 | 8502 | 3345 | 58.79 | 303.59 |
| گوجرانوالہ | 9523 | 9491 | 3625 | 0.34 | 162.70 |
| اوکاڑہ | 9575 | 8417 | 3578 | 13.76 | 167.61 |
| راولپنڈی | 8692 | 8292 | 3197 | 4.82 | 171.88 |
| رحیم یار خان | 13500 | 9750 | 4115 | 38.46 | 228.07 |
| اوسط | 10768 | 8983 | 3592 | 19.87 | 199.81 |

# زرعی مارکیٹنگ انفارمیشن سروس کی اہم خدمات

- ویب سائٹ کا قیام
- تحقیقاتی رپورٹیں، معلوماتی کتابچے اور ہینڈ آؤٹس
- سیمینار اور ورکشاپس
- کسانوں، تاجروں اور سٹاف کی ٹریننگ
- زرعی منڈیوں میں الیکٹرانک ریٹ بورڈ کی تنصیب
- ٹال فری فون نمبر 0800-51111
- موبی لنک کسان سروس (700)

www.amis.pk

ایگریکلچر مارکیٹنگ انفارمیشن سروس